آیت اللہ سیستانی کا رہبر معظم انقلاب اسلامی کے نام تعزیتی پیغام - 5 /Jan/ 2020

عراق کے دینی مرجع آیت اللہ سیستانی نےاپنے ایک پیغام میں شہید میجر جنرل قاسم سلیمانی کی شہادت پر رہبر معظم انقلاب اسلامی کو تعزیت اور تسلیت پیش کی ہے۔

آیت اللہ سیستانی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انااللہ و انااليه راجعون

جناب مستطاب آیت اللہ آقائ خامنہ ای دامت برکاتہ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

سپاہ اسلام کے عظیم الشان اور عالیقدر کمانڈر میجر جنرل قاسم سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کی خبر گہرے افسوس اورفراواں رنج و غم کا موجب ہوئی ، مرحوم نے کئی برسوں تک عراق میں داعش کے خلاف جنگ میں بیشمار زحمتیں اور تکلیفیں برداشت کیں ، جو ناقابل فراموش ہیں۔

میں اس عظیم المرتبت شہید کی شہادت پر جنابعالی، مرحوم کے اہلخانہ، اولاد ، ایرانی عوام اور خاص طور پر کرمان کے عزیز عوام کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے اس عظیم الشان شہید کے درجات کی بلندی اور شہید کے پسماندگان کے لئے صبر جمیل اور اجر جزیل طلب کرتا ہوں۔

ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

علی الحسینی سیستانی

۸ جمادی الاول ۱۴۴۱